# 25-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کے عہدیداروں نے آج ریاست بھر میں چلنے والی خانگی ٹراویلز بسوں پر اچانک جانچ کی۔

۲۔ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے گزشتہ 20 ماہ کے دوران عوامی اداروں میں 75 ہزار نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے۔

۳۔ بھارت راشٹر سمیتی (بی آر ایس) کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے اعلان کیا کہ پارٹی کی جیتر ا یاترا (فتح مہم) کا آغاز جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ سے ہی ہوگی۔

۴۔ وزیر اعظم نریندر مودی کل آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 127 واں اپی سوڈ رہے گا۔

KAVITHA:

بھارت راشٹر سمیتی (بی آر ایس) کی سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی دختر ایم ایل سی کویتا نے آج سے 4 ماہ کی 'جنم باٹا' یاترا کا آغاز کیا۔ انہوں نے اپنی یاترا کا آغاز اسمبلی کے سامنے واقع شہداء کی یادگار پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کے بعد کیا۔ کویتا نے یاد دلایا کہ علیحدہ تلنگانہ کے لیے تقریباً 1,200 جہد کاروں نے اپنی جانیں قربان کیں مگر حکومت کی جانب سے اعلان کردہ 10 لاکھ روپے معاوضہ اور سرکاری ملازمتیں صرف 580 خاندانوں تک ہی محدود رہیں۔

SINGARENI

سنگارینی کولریز کمپنی لمیٹڈ نے اب تک چار میگا جاب فیرس کے ذریعہ 11,000 سے زائد امیدواروں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ آج سوریہ پیٹ ضلع کے حضور نگر میں میگا جاب فیر کامیابی کے ساتھ

منعقد ہوا۔ مزید دو جاب فیرس کل ستو پلی (ضلع کھمم) اور بیلم پلی (ضلع منچر یال) میں منعقد ہوں گے۔ حضور نگر کے جاب فیر میں تقریباً 75 نجی کمپنیاں شریک ہوئیں اور موقع پر ہی امیدواروں کا تقرر کیا۔ ایس سی سی ایل کے چیرمین و مینجنگ ڈائرکٹر این بلرام نے کہا کہ سنگارینی آئندہ بھی ریاست بھر میں اس طرح کے پروگرامس کو جاری رکھے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ کمپنی کا مقصد تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

WEATHER:

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے اگلے تین دنوں کے دوران تلنگانہ کے کئی حصوں میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ خلیج بنگال میں موجود دباؤ کے باعث یہ نظام ایک طوفان میں تبدیل ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ نے بتایا کہ موجودہ دباؤ کل تک گہرا دباؤ بن سکتا ہے اور بعد میں سمندری طوفان کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ ریاست کے جنوبی اور مشرقی اضلاع میں زیادہ اثر متوقع ہے، جبکہ حیدرآباد میں ہلکی یا وقفہ وقفہ سے بارش کا امکان ہے۔

INTERMEDIATE:

انٹرمیڈیٹ امتحانات 2026 کا آغاز 25 فروری سے ہوگا اور یہ 18 مارچ تک جاری رہیں گے۔ تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کے سکریٹری کرشنا آدتیہ نے آج حیدرآباد میں پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ حکومت نے امتحانی شیڈول کو اصولی طور پر منظور کرلیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تفصیلی ٹائم ٹیبل جلد جاری کیا جائے گا۔ پریکٹیکل امتحانات فروری کے پہلے ہفتے سے شروع ہوں گے۔ طلباء سے امتحانی فیس وصولی کا عمل یکم نومبر سے شروع ہوگا، اس سلسلے میں جلد نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

ADD SINGARENI:

وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے آج سنگارینی کے زیرِ اہتمام روزگار میلہ کے افتتاح کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ جاب فیر متحدہ نلگنڈہ اضلاع کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع

فراہم کرنے کے مقصد سے منعقد کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 20 ماہ میں ریاستی حکومت نے مختلف سرکاری اداروں میں 75,000 نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا ہے۔

BYTE UTTAM KUMAR

ACCIDENT

آج دوپہر پداعنبرپیٹ ٹول پلازا کے قریب ایک خانگی ٹراویلس بس الٹ جانے سے 8 افراد زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ آندھراپردیش کے کرنول میں گزشتہ روز پیش آئے خوفناک بس حادثہ کے ایک دن بعد پیش آیا ہے، جس میں 19 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ یہ بس مبینہ طور پر تیز رفتاری اور لاپرواہی سے چلائی جارہی تھی، جس کے باعث ڈرائیور نے کنٹرول کھودیا اور بس سنٹرل ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی۔ بس میاں پور سے گنٹور جارہی تھی جس میں 6 مسافر، دو ڈرائیور اور ایک کنڈکٹر سوار تھے۔ عبداللہ پورمیٹ پولیس انسپکٹر اشوک ریڈی کے مطابق حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ڈرائیور نے غیر محتاط انداز میں گاڑی چلاتے ہوئے کنٹرول کھودیا اور ٹول پلازا سے قبل بس ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔ تمام زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا اور ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ آج نئی دہلی روانہ ہوگئے تاکہ کانگریس کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کر کے ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹیوں کے صدور کے طویل عرصہ سے زیرِ التوا تقررات کو حتمی شکل دی جا سکے۔ یہ معاملہ کئی مہینوں سے زیرِ غور تھا، مگر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی جانب سے ضلعی سطح پر قائدین کی رائے حاصل کرنے کی مشق کے بعد اسے تیزی سے آگے بڑھایا جارہا ہے۔ اس عمل کے تحت اے آئی سی سی نے مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے 22 مبصرین کو تلنگانہ روانہ کیا تھا، جنہوں نے ہر ضلع کے لئے مجوزہ امیدواروں پر مقامی قیادت سے رائے حاصل کی۔

BRS:

بھارت راشٹر سمیتی (بی آر ایس ) کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے اعلان کیا کہ پارٹی کی جیترا یاترا (فتح مہم ) کا آغاز جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ سے ہی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تلنگانہ کے عوام کانگریس حکومت کو دھوکہ دہی کے لئے سبق سکھائیں۔حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں منعقدہ ایک بڑے عوامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی راما راؤ نے کانگریس پارٹی پر وعدے پورے نہ کرنے اور غریب عوام کو مایوس کرنے کا الزام لگایا۔انہوں نے عوام کو یاد دلایا کہ بی آر ایس حکومت کے دوران تلنگانہ نے ہمہ جہتی ترقی اور فلاحی اقدامات کا دور دیکھا تھا۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی کل آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 127 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

R & B:

وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں 11,000 کروڑ روپے کی لاگت سے 32 پیکیجز کے تحت 400 سڑکیں ہائبرڈ ماڈل پر تعمیر کی جائیں گی۔کل حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ یہ کام نئے سال 2026 سے شروع ہوں گے جس سے تلنگانہ سڑکوں کے معیار کے لحاظ سے ملک بھر میں ایک مثالی ریاست بن جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہر منصوبہ شفافیت، معیار اور رفتار کی مثال ہوگا۔وزیر موصوف نے مزید یقین دہانی کرائی کہ چھوٹے کنٹراکٹرس بھی ایچ اے ایم سڑکوں کے ٹنڈرس میں حصہ لے سکیں گے اکہ بقایا بلوں کے متعلق خدشات دور کیے جاسکیں۔

ADD WEATHER:

آج دوپہر حیدرآباد شہر کے کئی علاقوں میں شدید بارش ہوئی۔ بنجارہ ہلز، جوبلی ہلز، پنجہ گٹہ، سوماجی گوڑہ، خیریت آباد، لکڑی کا پل، امیر پیٹ اور ایس آر نگر سمیت کئی مقامات پر پانی جمع ہونے سے ٹریفک جام ہوگئی۔ شدید بارش کی وجہ سے شہر کے کئی حصوں میں ٹریفک کی نقل وحرکت بری طرح متاثر ہوئی۔

CHECKS:

تلنگانہ ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کے عہدیداروں نے آج ریاست بھر میں چلنے والی خانگی ٹراویلز بسوں پر اچانک جانچ کی۔ آرٹی اے ٹیموں نے وجے واڑہ اور بنگلور ہائی ویز پر بڑے پیمانے پر تلاشی لی گئی جن میں راجندرنگر کے گگن پہاڑ علاقے میں بھی شامل تھا۔ آندھرا پردیش سے آنے والی بسوں کی فائر سیفٹی آلات اور میڈیکل کٹس کے لیے سخت جانچ کی گئی۔ حفاظتی اصولوں کی خلاف ورزی کرنے والی پانچ نجی بسوں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، جبکہ ایک بس کو ٹوٹے شیشے کے ساتھ چلنے پر ضبط کیا گیا۔ مسافروں کے مطابق یہ بس چند روز قبل بنگلور ہائی وے پر جڑ چرلہ کے قریب حادثہ کا شکار ہوئی تھی۔ اسی طرح ایل بی نگر کے چنتل کنٹہ میں بھی تلاشی لی گئی۔ جہاں ایک بس کو ضبط اور چار دیگر کو بغیر اجازت نامے کے چلنے پر روکا گیا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ یہ مہم مسافروں کی سلامتی اور ٹرانسپورٹ قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے جاری رہے گی۔

MIGRANTS:

تلنگانہ کے 12 مزدور جو کئی ہفتوں سے اردن میں پھنسے ہوئے تھے، آج بحفاظت وطن واپس آگئے۔ ان کی واپسی بھارت راشٹر سمیتی (بی آر ایس) کے رہنما اور سابق وزیر ٹی ہریش راؤ کی مداخلت سے ممکن ہوئی۔ یہ مزدور آج صبح راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچے۔ انہوں نے ہریش راؤ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی مدد سے وہ غیر ملکی کٹھن حالات سے واپس آسکے۔ یہ افراد روزگار کی تلاش اور قرضوں کی ادائیگی کے لیے اردن گئے تھے مگر غیر مجاز ایجنٹوں نے انہیں دھوکہ دے کر بغیر تنخواہ، کھانے اور رہائش کے چھوڑ دیا تھا۔

OO